# 27-09-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ آئندہ دو برسوں کے دوران مکمل کئے جانے والے آبپاشی پراجکٹوں کے کاموں میں تیزی لائی جائے۔

☆صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل حیدرآباد کا دورہ کریں گی اور مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گی۔

☆گورنر جیشنو دیو ورما نے ہر شہری کو سی پی آر ٹریننگ دینے کی اہمیت پر زور دیا تاکہ کئی قیمتی جانوں کو بچایا جاسکے۔

☆تلنگانہ کے نرمل اور سوماسیلا کو مرکزی وزارت سیاحت کی جانب سے بہترین ٹوریزم ولیج 2024 کا فاتح قرار دیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے مختلف اضلاع عادل آباد، کومارم بھیم آصف آباد، منچریال، جگتیال، راجنا سرسلہ، کریم نگر، پداپلی، جےشنکر بھوپال پلی، ملگ، بھدرادری کتہ گوڑم، ورنگل اور ہنمکنڈہ کے کئی مقامات پر آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران گرج چمک کے ساتھ بارش ہوسکتی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق جےشنکر بھوپال پلی، ملگ، بھدرادری کتہ گوڑم، کھمم، سوریاپیٹ، محبوب آباد اور ہنمکنڈہ میں کل بھی موسم ایسا ہی رہنے کا امکان ہے۔ تلنگانہ کے اضلاع جےشنکر بھوپال پلی، ملگ، بھدرادری کتہ گوڑم، ورنگل اور ہنمکنڈہ میں اتوار کے روز بھی بارش ہوسکتی ہے۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست کے چند مقامات پر بارش ہوئی۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے حکام کو ہدایت دی ہے کہ آئندہ دو برسوں کے دوران مکمل کئے جانے والے آبپاشی پراجکٹوں کے کاموں میں تیزی لائی جائے۔ وزیراعلیٰ نے محکمہ آبپاشی کے عہدیداروں سے کہا کہ وہ ایک لائحہ عمل تیار کریں اور طئے شدہ وقت کے اندر کاموں کی تکمیل کو یقینی بنائیں۔ وزیراعلیٰ نے آج حیدرآباد میں ریاست کے زیرالتوا آبپاشی پراجکٹوں پر ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔ ریونت ریڈی نے عہدیداروں سے کہا کہ وہ آئندہ چھ مہینوں کے دوران نئے آیاکوٹ بنائیں اور آبپاشی پراجکٹوں کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کریں۔ وزیراعلیٰ نے گوداوری بیسن اور کرشنا بیسن میں شروع کردہ پراجکٹوں کیلئے فنڈس فراہم کرنے کی محکمہ فینانس کو ہدایت دی۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے ہنگری کے بدھاپیسٹ میں منعقدہ ایف آئی ڈی ای چیس اولمپیاڈ میں غیرمعمولی مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں ارجن اور ہریکا کو تہنیت پیش کی اور ہر ایک کیلئے پچیس لاکھ روپئے کے انعام کا اعلان کیا۔ چیس میں ارجن کا عالمی رینک تیسرا ہے جبکہ ہریکا کا رینک گیارہ ہے۔ واضح رہے کہ ہندوستان کے مردوں اور خواتین کی ٹیموں نے اولمپیاڈ میں گولڈ میڈل جیتتے ہوئے تاریخ رقم کی ہے۔

☆☆☆☆☆

بی آر ایس کے کارگذار صدر کے ٹی راما راؤ نے مجاہد آزاد کونڈا لکشمن باپو جی کو خراج عقیدت پیش کیا۔ کے ٹی آر نے کہا کہ تلنگانہ تحریک میں کونڈا لکشمن باپو جی نے اہم رول ادا کیا۔ سابق ریاستی وزیر نے باپو جی کو عوام کا مجاہد قرار دیا اور کہا کہ انہوں نے علحدہ ریاست کی جدوجہد کیلئے 1969 میں اپنا وزارتی عہدہ چھوڑ دیا تھا۔

☆☆☆☆☆

انفوسمنٹ ڈائرکٹوریٹ ای ڈی کے حکام آج حیدرآباد میں ریاستی وزیر مال پی سرینواس ریڈی کے مکانات اور دفاتر پر چھاپے مار رہے ہیں۔ نئی دہلی سے آئی انفوسمنٹ ڈائرکٹوریٹ کی ٹیم نے وزیر مال اور دیگر افراد سے منسلک سولہا مقامات پر چھاپے مارے ہیں۔ کہا جارہا ہے کہ سولہا ٹیموں نے بیک وقت چھاپے مارے ہیں۔ راگھوا کنسٹرکشن اینڈ انفرا کے دفاتر پر بھی چھاپے مارے گئے۔ اس دوران سی آر پی ایف کے اہلکار ای ڈی حکام کے ہمراہ تھے۔ واضح رہے کہ راگھوا کنسٹرکشن کو حال ہی میں نارائن پیٹ کوڑنگل لیفٹ اری گیشن پراجکٹ کا کام ملا ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی اتوار کو گیارہ بجے دن آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک اور بیرون ملک کے عوام سے اپنے خیالات کا تبادلہ کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 114 واں ایپیسوڈ رہے گا۔ تیسری معیاد کیلئے وزیراعظم کا عہدہ سنبھالنے کے بعد یہ مودی کا چوتھا پروگرام رہے گا۔ آکاش وانی اور دوردرشن کے تمام نیٹ ورک پر یہ پروگرام نشر ہوگا۔ پروگرام ہندی میں نشر ہونے کے فوری بعد علاقائی زبانوں میں آکاش وانی کی جانب سے نشر ہوگا۔ اسی روز رات آٹھ بجے پروگرام تلگو میں دوبارہ نشر ہوگا۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے نرمل اور سوماسیلا کو مرکزی وزارت سیاحت کی جانب سے بہترین ٹوریزم ولیج 2024 کا فاتح قرار دیا گیا ہے۔ کرافٹ کے زمرہ میں نرمل کو جبکہ روحانی وویلنس کے زمرہ میں سوماسیلا کو ایوارڈ ملا ہے۔ نرمل کے ایڈیشنل کلکٹر فیضان احمد نے نرمل ٹائس آرٹ سوسائٹی کے صدر پنٹیا کے ہمراہ وگیان بھون نئی دہلی میں منعقدہ ایک تقریب میں یہ ایوارڈ حاصل کیا جبکہ ناگر کرنول کے محکمہ سیاحت کے ضلع افسر ٹی نرسمہا نے سوماسیلا کا ایوارڈ حاصل کیا۔ نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکر نے ایوارڈس عطا کئے۔ مرکزی وزیر سیاحت گجیندر شیخاوت نے اس تقریب کی صدارت کی۔ مرکزی وزارت نے عالمی یوم سیاحت کے موقع پر مقابلہ کے فاتحین کا اعلان کیا۔ نرمل کے کھلونے لکڑی سے بنے روایتی کھلونوں کیلئے دنیا بھر میں مشہور ہیں۔ سوماسیلا مذہبی سیاحت کیلئے مشہور ہے جہاں دریائے کرشنا کے بائیک واٹر کے قریب پندرہ مندریں ہیں۔ قدیم مندر کی شکل کا سومیشور سوامی مندر دوبارہ تعمیر کیا گیا جو کہ فی الحال زیرآب آ گیا ہے۔

☆☆☆☆☆

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل حیدرآباد کا دورہ کریں گی اور مختلف پروگراموں میں شرکت کریں گی۔ نلسار یونیورسٹی کے ایک پریس ریلیز کے مطابق صدر جمہوریہ نلسار یونیورسٹی آف لا کے 21 ویں سالانہ کنونشن سے خطاب کریں گی۔ اس پروگرام میں ریاستی گورنر جیشنو دیوورما، وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور سپریم کورٹ کے جج جسٹس پی ایس نرسمہا شرکت کریں گے۔ نلسار یونیورسٹی کے چانسلر جسٹس آلوک آرادھے کنونشن کی صدارت کریں گے۔ وائس چانسلر سری کرشنا دیوراؤ یونیورسٹی کی سالانہ رپورٹ پیش کریں گے۔ صدر جمہوریہ بولارم میں واقع راشٹراپتی نیلائم میں بھارتیہ کلا مہااتسوم کا بھی افتتاح کریں گی۔ شمال مشرق کی آٹھ ریاستوں آسام، اروناچل پردیش، منی پور، میگھالے، میزورم، ناگالینڈ، سکم اور تریپورہ کی سرگرمیوں کو اس مہااتسوم میں اجاگر کیا جائے گا۔

☆☆☆☆☆

گورنر جیشنو دیوورما نے سی پی آر ٹریننگ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ اس حوالہ سے بڑے پیمانے پر بیداری سے کئی قیمتی جانوں کو بچایا جا سکتا ہے۔ کیمس ہاسپٹل کی جانب سے راج بھون کے عملہ کیلئے منعقدہ سی پی آر بیداری پروگرام میں گورنر نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر گورنر نے کہا کہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں ہر لمحہ قیمتی رہتا ہے اور فوری طور پر سی پی آر سے دل کا دورہ پڑنے والے مریض کی زندگی کو بچانے میں مدد ملتی ہے۔ گورنر نے ڈاکٹروں کو ان کی دو بنیادی ذمہ داریاں یاد دلائیں اور کہا کہ ڈاکٹر نہ صرف مریضوں کا علاج کریں بلکہ سی پی آر ٹریننگ اور فرسٹ ایڈ جیسی چیزوں کی لوگوں میں بیداری بھی پیدا کریں۔ گورنر نے تمام شہریوں کیلئے سی پی آر ٹریننگ کی ضرورت پر زور دیا اور طبی شعبہ سے جڑے افراد سے کہا کہ وہ اپنی سماجی ذمہ داری سمجھ کر اس کی تربیت لوگوں کو دیں۔ اس موقع پر گورنر نے راج بھون میں تربیتی سیشن منعقد کرنے پر ڈاکٹروں کی ستائش کی۔

☆☆☆☆☆

ونپرتی ضلع کلکٹر آدرش سوربھی نے سوچھتا ہی سیوا پروگرام کے تحت ہر صفائی ملازم سے کہا کہ وہ اپنا طبی معائنہ کروائیں۔ ضلع کلکٹر نے انجنا گیری پنگل اور بنڈا پلی مواضعات کا دورہ کیا اور اماں آدرش اسکول کے کاموں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر محکمہ دیہی ترقی کے افسروں کو ہدایت دی گئی کہ وہ ضلع کے ہمہ جہت ورکروں کا طبی معائنہ کریں اور انہیں انشورنس پالیسی فراہم کریں۔

☆☆☆☆☆